© rasailojaraid.com

ربیع الاول کا مہینہ گزرا ---
رسولؐ اور سیرت رسولؐ کا بہت تذکرہ ہوا۔
آیئے ایک بات سوچیں! (سوچنا تو منع نہیں ہے)

فرض کیجیے معلوم ہو کہ رسول اللہؐ پاکستان کے دورے پر تشریف لا رہے ہیں!
فہرست بنایئے کہ ان کی مرضی اور تعلیمات کے خلاف کیا کیا امور ہیں جن کو چھوڑنا اور جن کے آثار مٹانا ہوں گے

مزید فرض کیجیے کہ اس دورے کے دوران آپ کی خوش نصیبی کہ وہ آپ کے گھر بھی تشریف لائیں گے!
ان کے استقبال کے لیے آپ کو کیا کیا تبدیلیاں لانا ہوں گی
آپ خوب جانتے ہیں کہ ان کو کیا پسند ہے اور کیا ناپسند
مہمان کی تکریم کے لیے' ان کی خوشی کے لیے آپ کیا کیا کریں گے

آخر ایک دن ہمارا اپنے پیارے رسولؐ سے سامنا ہو گا
(جنھوں نے ہم تک اللہ کا دین پہنچانے کے لیے کیسی کیسی تکلیفیں برداشت کیں)
کیا ہم اس دن شرمندہ ہونا پسند کریں گے؟
کیوں نہ اس دن ہمارا سر اٹھا ہوا ہو!

(خیر خواہ)

© rasailojaraid.com